BOOK INFO

Subject	Islamic Studies
Title:	MERI ISLAMIYAT KI KITAB 2
Author:	Abdul Rehman Tahir
Pages:	28
Size:	18 cm X 23.50 cm
Binding:	C.B Center Pin
Ist Edition:	1997
Printing:	3 Colours
ISBN:	978-969-584-107-5
Price:	Rs. 55.00

میری
اِسلامیات کی کِتاب

عبدالرحمٰن طاہر
ایم اے (اِسلامیات)

دُوسری جماعت کے لئے

بک سنٹر
لاہور —— پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

میرا نام ------------------------- ہے۔

اَب مَیں دُوسری جماعت میں ہُوں۔

یہ میری اِسلامیات کی کِتاب ہے۔

آیئے، دیکھیں، اِس میں کونسا سَبَق کس صفحہ پر ہے۔

سَبَق	صفحہ نمبر
1 ۔ قُرآن خوانی	5
2 ۔ اللہ تعالیٰ	7
3 ۔ نبی اور رسُول	9
4 ۔ قُرآنِ مجید	11
5 ۔ نماز	14
6 ۔ صفائی اور پاکیزگی	16
7 ۔ حضرت محمّد صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم	18
8 ۔ بڑوں کا اَدب	20
9 ۔ سچ بولنا	22
10 ۔ وعدے کی پابندی	24
11 ۔ آدابِ زِندگی	26

اللہ تعالیٰ

پیارے بچّو! جب ہم اپنے اِردگرد نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں بے شُمار چیزیں نظر آتی ہیں۔ رَنگ برنگے پھُول، ہَوا میں اُڑتے ہُوئے پرندے، چمکتا ہُوا سُورج، دَمکتا ہُوا چاند، ٹمٹماتے ہُوئے سِتارے وغیرہ۔ اِن سب چیزوں کو دیکھ کر دِل میں خیال پَیدا ہوتا ہے کہ اُنھیں کِس نے بنایا ہوگا؟ اَور کَون ہَے جو اُنھیں سنبھالے ہُوئے ہَے؟ اِن سَب چیزوں کے بنانے والی ذات کو ہم **اللہ** کہتے ہَیں۔ اللہ ایک ہَے۔ اُس کا کوئی شریک نہیں۔ اِس کائنات میں موجُود ہر چیز اُسی کے حُکم سے بنی ہَے اور جب تک وُہ چاہے گا اس کا وجُود قائم رہے گا۔ وُہ کِسی کا مُحتاج نہیں ہَے۔ اُس نے اِنسانوں کو پَیدا کِیا ہَے اَور پھر اُنھیں بے شُمار نِعمتیں عطا کی ہَیں۔ اِنسان کے اپنے جِسم میں ہاتھ، پاؤں، ناک، کان، آنکھیں، دِل، غرض ہر چیز اپنی جگہ پر اللہ کی ایک اہم **نِعمت** ہَے۔ اِن نعمتوں میں اگر کوئی کمی آجائے تو پھر ہمیں اُن کا احساس ہوتا ہَے۔ اللہ تعالیٰ ہی آسمان سے بارِش برساتا ہَے اور پھر زمین سے ہمارے لیے رَنگ برنگے پھُول اُگاتا ہَے اَور قِسم قِسم کی سَبزیاں اور پھَل پَیدا کرتا ہَے۔

اللہ تعالےٰ نے ہمیں **بے شمار نعمتیں** عطا کی ہَیں۔ ہمیں چاہیے کہ اللہ

کی نِعمتوں کا ہمیشہ شُکر ادا کریں۔ اللہ کی نِعمتوں کے شُکر کا ایک طرِیقہ **نماز** ہے۔

سوالات

1 ۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے مُختصر جواب لِکھیے :

1 ۔ سُورج ، چاند ، سِتارے کِس نے پَیدا کیے ہیں ؟

2 ۔ کیا اللہ اپنے کام کرنے میں کِسی کا مُحتاج ہے؟

3 ۔ دُنیا میں چیزیں کب تک قائم رہتی ہیں ؟

2 ۔ مُناسب لَفظ سے خالی جگہ پُر کیجیے :

1 ۔ اللہ نے ہمیں سُننے کو ________ دِیئے ہیں۔

2 ۔ زمین سے رَنگ رَنگ کے ________ اُگتے ہیں۔

3 ۔ اللہ تعالیٰ آسمان سے ________ برساتا ہے۔

4 ۔ ہمیں اللہ کی نِعمتوں کا ________ ادا کرنا چاہیے۔